## سوال

(721)مساجد میں منبر پر پہلی یا دوسری سیڑھی پر قرآنِ مجید رکھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاتہ

مساجد میں منبر پر پہلی یا دوسری سیڑھی پر قرآنِ مجید رکھ دیا جاتا ہے ، حالانکہ اسی سیڑھی پر تقریر کرتے ہوئے قدم رکھے جاتے ہیں کیا یہ قرآن کے ادب کے خلاف ہے ؟ ( محمد سلیم بٹ )

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاتہ

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

قرآنِ مجید شعائرَ اللہ میں شامل ہے ۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے : {وَمَن يُعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِن تَقْوَى الْقُلُوْبِ ط [الحج : ۳۲]} [ ''اور جو اللہ کی نشانیوں کی عزت کرے اس کے دل کی پرہیزگاری کی وجہ سے یہ ہے ۔'' ] توجہاں قرآنِ مجید رکھنے سے قرآنِ مجید کی بے حرمتی و بے ادبی نکلتی ہو وہاں قرآنِ مجید کو رکھنا درست نہیں ۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے : {لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ ط } [المآئدة : ۲] [ ''اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کے نشانوں کی بے حرمتی نہ کرو ۔'' ] ۱۳ ۱۱ ۱۴۲۳ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

**جلد02ص720**

محدث فتویٰ